علم کی تحصیل کے ذرائع، وحی کی بحیثیت ایک ذریعۂ علم کے اہمیت، مسلمانوں کے سائنس میں کارنامے، مذہب اور سائنس کا رشتہ، ان سب پر مختصر مگر جامع گفتگو کی گئی ہے۔ امید ہے ارباب ذوق اس کے مطالعہ سے شاد کام و محظوظ ہوں گے۔

**(۱) پندنامہ از شیخ فریدالدین عطار صفحات ۱۰۸**

**(۲) مالابدمنہ، از قاضی ثناء اللہ پانی پتی صفحات ۲۲۲**

اردو ترجمہ از مفتی کفیل الرحمٰن نشاط عثمانی۔ تقطیع کلاں۔ کتابت و طباعت بہتر، قیمت درج نہیں۔

پتہ :- کتب خانہ محمودیہ، دیوبند۔

پہلی کتاب جو منظوم ہے اخلاقیات کی بڑی عمدہ کتاب ہے اور دوسری فقہی مسائل و معاملات کی مشہور کتاب ہے۔ ایک زمانہ تھا جب کہ مدرسوں اور مکتبوں کے فارسی نصاب میں یہ دونوں کتابیں داخل تھیں اور لڑکوں اور لڑکیوں کی ان کے ذریعہ اخلاقی اور دینی تعلیم و تربیت ہوتی تھی، لائق مترجم نے سہل و سلیس اور عام فہم اردو زبان میں منتقل کر کے اب اُنھیں اس قابل بنا دیا ہے کہ محض اُردو خواں اصحاب بھی ان سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ اُمید ہے مسلمان ان سے فائدہ اُٹھائیں گے۔

**براتِ معنی** از جناب رئیس نعمانی، تقطیع خورد، ضخامت ۸۰ صفحات، کتابت و طباعت اوسط درجہ کی، قیمت ۳/ - پتہ :- دانش محل، امین الدولہ پارک، امین آباد - لکھنؤ -

یہ کتاب رئیس نعمانی صاحب کی فارسی غزلوں کا مجموعہ ہے، اس زمانہ میں جب کہ ہندوستان میں فارسی کا ذوق مفقود ہوتا جا رہا ہے نوجوان شاعر کی فارسی میں غزل گوئی لائق تحسین و ستائش ہے موصوف کو فارسی شعر و ادب سے لگاؤ فطری اور طبعی معلوم ہوتا ہے۔ ابتدائے شاعری کے باوجود اشعار میں فارسی تغزل کا سوز و گداز اور قند پارسی کی حلاوت موجود ہے۔ غمِ جاناں کے ساتھ غمِ روزگار بھی لگا ہوا ہے، اگر مشق جاری رہی تو اُمید ہے زبان و بیان اور تخیل و محاکات میں مزید ترقی ہوگی۔